**28.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

-------------------------------

☆ امریکہ اور اسرائیل نے مختلف ایرانی شہروں پر مشترکہ طور پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ایران کے Minab شہر میں لڑکیوں کے ایک اسکول پر حملے میں 57 طالبات ہلاک ہوگئی ہیں۔

☆ تہران نے خلیج کے خطے میں اسرائیل اور امریکی فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے جوابی حملے کئے ہیں۔

☆ بھارت نے خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کیلئے بات چیت اور سفارتکاری پر زور دیا ہے۔ اُس نے مغربی ایشیا کے ممالک میں اپنے شہریوں سے تیزی سے بدلتی صورتحال کے پیش نظر مستعد رہنے کو کہا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے Sanand میں مائیکرون ٹیکنالوجی کے سیمی کنڈکٹر پلانٹ کا افتتاح کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ تکنیک کے سلسلے میں قائدانہ رول کی جانب ملک کے سفر میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

☆ آندھراپردیش کے کاکی ناڑہ ضلع میں پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں ایک بڑے دھماکے میں 21افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں، ہُبلی میں جموں وکشمیر نے کرناٹک کو ہرا کر پہلی مرتبہ رنجی ٹرافی خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**with Add US Israel Iran War Update**

امریکہ اور سرائیل کی جانب سے ایران کے مختلف شہروں پر حملے بدستور جاری ہیں۔ اِس سے مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آج سوشل میڈیا پر پوسٹ کیے گئے ایک ویڈیو پیغام میں ایران پر حملے کی تصدیق کی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوج، امریکہ اور اُس کی قومی سلامتی کو درپیش خطرات سے نمٹنے کیلئے ایرانی قیادت کے خلاف ایک بڑی جنگی کارروائی کر رہی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ اِس حملے کا مقصد امریکی عوام اور امریکی مفادات کا تحفظ ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے قوم سے خطاب کرتے ہوئے ایران کے خلاف مشترکہ فوجی کارروائی کو Operation Lion's

Roar' کا نام دیا اور اِسے ایران کی جانب سے درپیش موجودہ خطرے کے سدّ باب کیلئے ضروری کارروائی قرار دیا۔

دھماکے، ایران کی راجدھانی تہران سمیت مختلف شہروں میں ہوئے۔ تہران میں یہ حملے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنی کے دفاتر کے قریب کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حملے میں Hormozgan صوبے کے ایک طالبات کے اسکول کو نشانہ بنایا گیا، جس میں 57 طالبات ہلاک اور 60 دیگر زخمی ہوگئیں۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ طالبات کے اسکول پر حملے کا بھر پور جواب دیا جائے گا۔

دوسری جانب متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے ابوظہبی کے ایک رہائشی علاقے میں Sharpnel کی زد میں آنے سے ایک ایشیائی نژاد شخص کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔ ایران کی نیشنل سکیورٹی کونسل نے شہریوں سے راجدھانی تہران چھوڑنے کی اپیل کی ہے۔

حملوں کے بعد ایران نے اپنے فضائی حدود کو بند کر دیا ہے، موبائل خدمات میں بھی رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔ اسی دوران ایران پر اسرائیلی حملوں کے بعد عراق نے بھی فضائی حدود بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔

جوابی کارروائی میں ایران نے مغربی ایشیا میں اسرائیل اور امریکی تنصیبات کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ ایران نے خلیج میں متعدد حملے کیے، ابوظہبی، بحرین اور کویت میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے قطر کے العُدید ایئر بیس، کویت کے السالم ایئر بیس اور متحدہ عرب امارات کے الظفرہ ایئر بیس اور بحرین میں امریکی بحریہ کے پانچویں بیڑے کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ملک شام میں اُس وقت چار افراد ہلاک ہوگئے، جب جنوبی شہر السویداء میں ایرانی میزائل نے ایک عمارت کو نشانہ بنایا۔ متحدہ عرب امارات کے دبئی ایئر پورٹ نے اگلے احکامات تک تمام فضائی خدمات معطل کردی ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ ایران نے اسرائیل پر صبح سے 35 بیلیسٹک میزائل داغے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق کچھ میزائل فضا میں ہی ناکام بنا دیئے گئے، جبکہ کچھ میدانی علاقوں میں گرے۔ اسرائیل نے تمام عوامی اجتماعات پر پابندی لگا دی ہے۔ اسکولوں اور دفاتر کو بند کر دیا گیا ہے، اسپتالوں میں بیسمنٹ میں مریضوں کو منتقل کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی وزارت دفاع نے ملک میں ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے اور عوام کو ممکنہ ایرانی ڈرون حملوں سے خبردار کیا ہے۔

ایران نے اسرائیلی اور امریکی کارروائیوں کو اپنی خود مختاری اور سا لمیت پر حملہ قرار دیتے ہوئے حقِ دفاع کا استعمال کرتے ہوئے امریکہ اور اسرائیل کو بھر پور انداز میں جواب دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ نے امریکہ اور اسرائیل کی مشترکہ کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اِسے جارحانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ ایرانی حکومت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی ہنگامی میٹنگ طلب کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

کچھ غیر ملکی نیوز ایجنسیوں نے خبر دی ہے کہ ایران کے وزیر دفاع Amir Nasirzadeh اور سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کے کمانڈر محمد Pakpour ایسا سمجھا جاتا ہے کہ اسرائیلی حملوں میں ہلاک ہوگئے ہیں۔x

## MEA Israel Advisory

بھارت نے ایران میں حالیہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور خلیج کے خطے اور سبھی فریقوں سے صبر وتحمل سے کام لینے، کشیدگی سے بچنے اور شہریوں کی سلامتی کو ترجیح دینے پر زور دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک

بیان میں زور دے کر کہا ہے کہ کشیدگی کو کم کرنے اور زیر غور معاملات کو حل کرنے کی خاطر بات چیت اور سفارتکاری کی راہ اختیار کی جانی چاہیے۔ اُس نے زور دے کر کہا ہے کہ سبھی ملکوں کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کا احترام کیا جانا چاہیے۔اِس دوران، بھارت نے مغربی ایشیا کے ممالک میں آباد اپنے شہریوں کو ایڈوائزری جاری کی ہے اور خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر اُن سے غیرضروری سفر سے گریز کرنے، انتہائی احتیاط برتنے اور مستعد رہنے کو کہا ہے۔ایئرانڈیا اور انڈیگو نے خطے میں سبھی مقامات کیلئے اپنی پروازیں معطل کردی ہیں۔ اس کے علاوہ، اہم غیرملکی ایئرلائنز نے بھی اپنی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔ مغربی ایشیا میں صورتحال کے امکانی اثر کے پیش نظر بین الاقوامی پروازوں، ملک بھر میں ہوائی اڈّوں، خاص طور سے اہم بین الاقوامی راہداریوں کو پروازوں کے راستے تبدیل ہونے، غیر مقررہ طور پر پروازیں اترنے اور مسافروں کی سہولتوں سے متعلق ضروریات کے سبب Operational الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو کی جانب سے منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا۔x

## LoP West Asia

اپوزیشن کے رہنما اور کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے آج حکومت پر زور دیا ہے کہ مغربی ایشیا میں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے سبب وہ بھارتی شہریوں کی سلامتی کے سلسلے میں فوری طور پر اور سرگرمی سے اقدامات کرے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب گاندھی نے یہ کہتے ہوئے تشویش کا اظہار کیا کہ مغربی ایشیا میں ہر بھارتی شہری کی سلامتی اور تحفظ اوّلین ترجیح ہونی چاہیے۔x

## PM Gujrat

وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے اپنے دورے کے دوران Sanand میں مائیکرون سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی انڈیا پرائیویٹ لمیٹڈ کے سیمی کنڈکٹر اسمبلی، ٹیسٹ اور ATMP packaging)) مرکز کا افتتاح کیا۔ Sanand ATMP سہولت میں بھارت میں بنائے گئے پہلے سیمی کنڈکٹر میموری ماڈیول کی کمرشیل طور پر تیار کئے جانے اور اِس کی شپمنٹ کا آغاز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موقع، بھارت کی عالمی ٹیکنالوجی کی قیادت میں سنگ میل کی حیثیت کا حامل ہے۔

**S/B: PM ATMP Facility Gujarat**

وزیر اعظم نے سیمی کنڈکٹر شعبے میں بھارت کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ سیمی کون انڈیا پروگرام کے تحت اب تک 10 پروجیکٹوں کو منظوری دی جاچکی ہے۔

**S/B: PM- Semicon Project Gujarat**

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر کی صنعت ایک بنیادی اہمیت کا حامل شعبہ ہے اور بھارت نے عالمی نقشے پر اپنی مضبوط پوزیشن قائم کرلی ہے۔

**S/B: Ashwini Vaishnav- Mobile**

دن میں اِس سے پہلے وزیر اعظم نے راجستھان کے شہر اجمیر میں **14**برس کی لڑکیوں کیلئے **Human Papillomavirus (HPV)** ویکسین کی ملک گیر مہم کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر پانچ لڑکیوں کو **HPV** ویکسین لگا کر اِس مہم کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ وزیر اعظم نے **16**ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی آغاز کیا۔ **x**

## AP Explosion

آندھرا پردیش میں آج کاکی ناڈا ضلعے میں **Samarlakota** کے **Vetlapalem** ضلعے کی پٹاخہ فیکٹری میں ایک بڑے دھماکے میں **21**افراد مارے گئے ہیں۔ دھماکے کی وجہ سے کئی افراد زخمی بھی ہوگئے اور دھماکے کی زور دار آواز سن کر آس پاس کے گاؤں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس اہلکاروں کا کہنا ہے کہ دھماکہ، شدید نوعیت کا تھا۔ زخمیوں کو کاکی ناڈا کے گورنمنٹ جنرل اسپتال لے جایا گیا۔ اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ نے بتایا کہ **90** فیصد سے مکمل طور پر جھلسے ہوئے **7**افراد اسپتال میں زیر علاج ہیں اور مجموعی طور پر **18**افراد کا علاج جاری ہے۔ اب تک پولیس نے **13**مہلوکین کی شناخت کی ہے۔ پولیس، طبی عملہ، ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقعے پر پہنچیں اور بچاؤ کارروائی شروع کی اور ایمبولینس نے زخمیوں کو اسپتال پہنچایا۔ وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے، جو کہ **Vijayanagaran** کے دورے پر تھے، سینئر افسروں کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دھماکے کی تفصیلات کے بارے میں دریافت کیا اور وزراء اور اعلیٰ اہلکاروں کو جائے حادثہ کے دورے کی ہدایت دی۔ حکام نے دھماکے کی حقیقی وجوہات کا پتہ چلانے کیلئے جانچ شروع کر دی ہے۔ **x**

## PM HM Andhra Pradesh

وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آندھراپردیش میں انسانی جانوں کے نقصان پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے مہلوکین کے کنبوں کو وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو–دو لاکھ روپئے کی نقد امداد کا بھی اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس–پچاس ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر مطلع کیا کہ راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں اور زخمیوں کو طبی مدد فراہم کی جارہی ہے۔**x**

## SC Retirement AGE

سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت سے کہا ہے کہ وہ مسلح افواج کے اہلکاروں کی ریٹائرمنٹ کی عمر اور خدمات کی صورتحال سے متعلق برطانوی دور کے پیمانوں میں اُلجھی نہ رہے اور تجویز کیا ہے کہ وہ اعلیٰ طور پر ہنرمند ساحلی گارڈ افسروں سے متعلق طریقۂ کار پر نئے سرے سے غور کرنے کیلئے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوائے مالا باگچی پر مشتمل ایک بینچ نے دلّی ہائی کورٹ کے حکم پر روک لگا دی جس کے تحت

بھارتی ساحلی گارڈز کے سبھی عہدوں کے اہلکاروں کو 60برس کی عمر میں ریٹائر کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ عدالت عالیہ نے مشاہدہ کیا کہ جدید ترین اور اعلیٰ ہنرمند فورس کا تجربہ انتہائی اہم ہے اور حکومت کو اُن کی خدمات کی صورتحال کے تئیں سخت رُخ اختیار نہیں کرنا چاہیئے۔x

**Meghwal Cases**

قانون وانصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے آج کہا کہ قانونی امور کے محکمے نے ملک بھر میں بڑی تعداد میں التوا Cases کو نمٹانے کیلئے فعال اقدامات کئے ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ سپریم کورٹ، ہائی کورٹس، ضلع کورٹس اور مختلف ٹرائیبونلز سمیت عدلیہ کی ہر سطح پر زیر التوا Cases کی تعداد میں کمی لانے کی ضرورت ہے۔ وزیر موصوف نے حکومتی قانونی چارہ جوئی کے مؤثر بدوبست سے متعلق کانفرنس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب میگھوال نے متواتر جائزہ میکانزم مستحکم کرنے کے ذریعے زیر التوا Cases کی تعداد کو بتدریج کم کرنے کے حکومت کے مقاصد کو اجاگر کیا۔کانفرنس میں بہتر تال میل اور ٹیکنالوجی کے استعمال ومسلسل جائزہ کے طریقِ کار کے ذریعے زیر التوا معاملات کو نمٹائے جانے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔x

**Ranji Trophy**

جموں وکشمیر نے پہلی مرتبہ رنجی ٹرافی کا خطاب جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ اس نے ہُبلی میں فائنل میں پہلی اننگز کی سبقت کے بعد کرناٹک کو شکست دی۔ پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے جموں وکشمیر نے اپنی پہلی اننگز میں 584رن کا بڑا اسکور بنایا۔ گیندبازی کرتے ہوئے جموں وکشمیر نے پہلی اننگز کی فیصلہ کن سبقت حاصل کرتے ہوئے کرناٹک کو 293رن پر آل آؤٹ کردیا۔ 291رن کی سبقت کو جموں وکشمیر نے اپنی دوسری اننگز میں 633 رن تک توسیع دے دی۔ پانچویں دن میچ برابر پر ختم ہوا اور جموں وکشمیر کو اُس کی پہلی اننگز کی سبقت کے سبب فاتح قرار دیا گیا، جس سے رنجی ٹرافی جیتنے کا 67برس کا انتظار ختم ہوا۔x

**ICC T20 World Cup**

مردوں کے ICC ٹی–ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں سری لنکا کے Pallekele میں سُپر 8کے گروپ 2 کے ایک مقابلے میں پاکستان نے سری لنکا کی جیت کیلئے 213رن کا نشانہ دیا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پاکستان نے مقررہ 20اوورس میں 8وکٹ کے نقصان پر 212رن بنائے۔ پاکستان کیلئے صاحبزادہ فرحان نے سنچری بنائی۔ فخر زماں نے 84رن اسکور کئے۔اس سے قبل کل رات کولمبو میں انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کو چار وکٹ سے ہرایا تھا۔x

**WB Vopter List**

انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی کے بعد مغربی بنگال میں انتخابی کمیشن نے غیر مکمل حتمی ووٹر فہرست

شائع کی ہے۔ اس غیرمکمل حتمی فہرست کو سپریم کورٹ کی ہدایت اور انتخابی کمیشن کے رہنما خطوط کے مطابق جاری کیا گیا ہے۔ غیرمکمل ووٹر فہرست کے مطابق ووٹرس کی مجموعی تعداد 7 کروڑ چار لاکھ 59ہزار 284ہے۔ ریاست کی ووٹر فہرست سے اب تک مجموعی طور پر 63لاکھ 66ہزار 952نام خارج کئے گئے ہیں، جبکہ 60لاکھ 6ہزار 675ووٹرس کے ناموں پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے، لیکن اُنھیں حتمی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ اِن ووٹروں کا مستقبل SIR عمل میں شامل عدالتی افسران کے فیصلے پر منحصر ہوگا۔ متعلقہ ووٹر اپنے دعوے اور اعتراض اگلے 15 دن کے اندر داخل کرسکتے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆